# دعائے مجیر

یہ بڑی شان والی دعا ہے۔ جناب رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ آں جناب ایک مرتبہ مقام ابراہیمؑ میں نماز میں مشغول تھے کہ جناب جبرآئیلؑ امین نازل ہوئے اور کہا یا رسولؐ اللہ ﷺ جو شخص اس دعا کو ماہ رمضان کی تیرہویں، جودھویں اور پندرہویں تاریخ کو پڑھے تو اس کے تمام گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ اگرچہ تعداد میں بارش کے قطروں، درختوں کے پتوں اور ذرّاتِ ریگِ صحرا کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ جو شخص اس دعا کو پڑھتا رہے، ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص تین روزے رکھے اور اس دُعا کو سات مرتبہ پڑھے اور سیدھا لیٹ کر سوئے تو خواب میں آں حضرت ﷺ کی زیارت سے مشرّف ہو گا۔ اِس دعا کی برکت سے مریض شفاء پاتا ہے۔ قرضدار کا قرض ادا ہوتا ہے۔ تنگدستی فراخی میں بدل جاتی ہے۔ مصائب کا ازالہ ہوتا ہے۔ بادشاہ کے ظلم وجور اور شیطان کے مکر وفریب سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے تو وہ چار رکعت نماز پڑھے اور ہر ایک رکعت میں ایک مرتبہ سورۃ الحمد اور گیارہ مرتبہ سورۃ قل ہو اللہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے اور اپنے سر کے نیچے لکھ کر رکھے تو وہ چیز مل جائے گی۔ اور جو شخص اس دعا کو دس مرتبہ پڑھے جہنم کی آگ اُس پر حرام ہو جائے گی۔ پھر جبرائیلؑ نے عرض کی کہ یا حضرتؐ اِس دعا میں اسم اعظم ہے۔ سوائے متقی و پرہیز گار شخص کے کسی کو تعلیم نہ کیجیے۔ کفعمی نے بلد الامین اور مصباح میں اس دعا کو درج کیا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبۡحَانَكَ يَا اَللّٰهُ تَعَالَيۡتَ يَا رَحۡمٰنُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے اللہ تو بلند تر اے رحم کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبۡحَانَكَ يَا رَحِيۡمُ تَعَالَيۡتَ يَا كَرِيۡمُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے مہربان تو بلند تر ہے اے کریم، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبۡحَانَكَ يَا مَلِكُ تَعَالَيۡتَ يَا مَالِكُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے بادشاہ تو بلند تر ہے اے آقا، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبۡحَانَكَ يَا قُدُّوۡسُ تَعَالَيۡتَ يَا سَلَامُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے پاک ترین تو بلند تر ہے اے سلامتی دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبۡحَانَكَ يَا مُؤۡمِنُ تَعَالَيۡتَ يَا مُهَيۡمِنُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے امن دینے والے تو بلند تر ہے اے نگہبان، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبۡحَانَكَ يَا عَزِيۡزُ تَعَالَيۡتَ يَا جَبَّارُ اَجِرۡنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيۡرُ

تو پاک ہے اے صاحب عزت تو بلند تر ہے اے زبردست، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا مُتَكَبِّرُ تَعَالَيْتَ يَا مُتَجَبِّرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

توپاک ہے اے بڑائی والے توبلند تر ہے اے بڑائی کے مالک، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا خَالِقُ تَعَالَيْتَ يَا بَارِئُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

توپاک ہے اے پیدا کرنے والے توبلند تر ہے اے بنانے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُصَوِّرُ تَعَالَيْتَ يَا مُقَدِّرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

توپاک ہے اے صورت گر توبلند تر ہے اے اندازہ ٹھہرانے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا هَادِئ تَعَالَيْتَ يَا بَاقِیُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

توپاک ہے اے ہدایت دینے والے توبلند تر ہے اے باقی رہنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَهَّابُ تَعَالَيْتَ يَا تَوَّابُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

توپاک ہے اے بہت دینے والے توبلند تر ہے اے توبہ قبول کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ

سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا فَتَّاحُ تَعَالَيْتَ يَا مُرْتَاحُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے کھولنے والے تو بلند تر ہے اے صاحب راحت، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا سَيِّدِیْ تَعَالَيْتَ يَا مَوْلَایَ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے میرے سردار تو بلند تر ہے اے میرے مولا، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا قَرِيْبُ تَعَالَيْتَ يَا رَقِيْبُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نزدیک تر تو بلند تر ہے اے نگہداد، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُبْدِئُ تَعَالَيْتَ يَا مُعِيْدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے ابتداء کرنے والے تو بلند تر ہے اے لوٹانے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا حَمِيْدُ تَعَالَيْتَ يَا مَجِيْدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے حمد کے لائق تو بلند تر ہے اے شان والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا قَدِيْمُ تَعَالَيْتَ يَا عَظِيْمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے سب سے پہلے تو بلند تر ہے اے بزرگ تر، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا غَفُوْرُ تَعَالَيْتَ يَا شَكُوْرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بہت بخشنے والے تو بلند تر ہے اے لائق شکر، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا شَاهِدُ تَعَالَيْتَ يَا شَهِيْدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے گواہی دینے والے تو بلند تر ہے اے حاضر و موجود، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا حَنَّانُ تَعَالَيْتَ يَا مَنَّانُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے محبت والے تو بلند تر ہے اے احسان کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا بَاعِثُ تَعَالَيْتَ يَا وَارِثُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے سہارا دینے والے تو بلند تر ہے اے سچے وارث، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُحْيِيْ تَعَالَيْتَ يَا مُمِيْتُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے زندہ کرنے والے تو بلند تر ہے اے موت دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا شَفِيْقُ تَعَالَيْتَ يَا رَفِيْقُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے مہربانی کرنے والے تو بلند تر ہے اے ساتھ دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا اَنِیْسُ تَعَالَیْتَ یَا مُوْنِسُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے رفیق تو بلند تر ہے اے ہمدم و یاور، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا جَلِیْلُ تَعَالَیْتَ یَا جَمِیْلُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے جلالت والے تو بلند تر ہے اے صاحبِ حسن، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا خَبِیْرُ تَعَالَیْتَ یَا بَصِیْرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے خبر رکھنے والے تو بلند تر ہے اے دیکھنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا خَفِیُّ تَعَالَیْتَ یَا مَلِیُّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے صاحبِ عقل تو بلند تر ہے اے مراد بر لانے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا مَعْبُوْدُ تَعَالَیْتَ یَا مَوْجُوْدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے معبود تو بلند تر ہے اے موجود حقیقی، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا غَفَّارُ تَعَالَیْتَ یَا قَهَّارُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے بخشنے والے تو بلند تر ہے اے زبردست، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مَذْكُورُ تَعَالَيْتَ يَا مَشْكُورُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے ذکر شدہ تو بلند تر ہے اے شکر کیے گئے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا جَوَادُ تَعَالَيْتَ يَا مَعَاذُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بہت دینے والے تو بلند تر ہے اے جائے پناہ، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا جَمَالُ تَعَالَيْتَ يَا جَلَالُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے حسن والے تو بلند تر ہے اے بزرگی والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا سَابِقُ تَعَالَيْتَ يَا رَازِقُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے سب سے اوّل تو بلند تر ہے اے رزق دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا صَادِقُ تَعَالَيْتَ يَا فَالِقُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے صاحبِ صدق تو بلند تر ہے اے شگافتہ کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے

پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا سَمِيْعُ تَعَالَيْتَ يَا سَرِيْعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے سننے والے تو بلند تر ہے اے تیز تر، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا رَفِیْعُ تَعَالَیْتَ یَا بَدِیْعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے بلندی والے تو بلند تر ہے اے جدت والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا فَعَّالُ تَعَالَیْتَ یَا مُتَعَالُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے بڑے فاعل تو بلند تر ہے اے عالی تر، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا قَاضِیُ تَعَالَیْتَ یَا رَاضِیُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے فیصلہ کرنے والے تو بلند تر ہے اے خوش ہونے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا قَاهِرُ تَعَالَیْتَ یَا طَاهِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے زبردست تو بلند تر ہے اے پاکیزگی والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا عَالِمُ تَعَالَیْتَ یَا حَاکِمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے صاحبِ علم تو بلند تر ہے اے صاحب حکم، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا دَآئِمُ تَعَالَیْتَ یَا قَآئِمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے ہمیشہ رہنے والے تو بلند تر ہے اے موجود، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا عَاصِمُ تَعَالَیْتَ یَا قَاسِمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے حفاظت کرنے والے تو بلند تر ہے اے تقسیم کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا غَنِیُّ تَعَالَیْتَ یَا مُغْنِیُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے تونگر تو بلند تر ہے اے تونگر کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا وَفِیُّ تَعَالَیْتَ یَا قَوِیُّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے وفا والے تو بلند تر ہے اے قوت والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا كَافِیُ تَعَالَیْتَ یَا شَافِیُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے کفایت کرنے والے تو بلند تر ہے اے شفا دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا مُقَدِّمُ تَعَالَیْتَ یَا مُؤَخِّرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے سب سے پہلے تو بلند تر ہے اے سب سے آخر رہنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا اَوَّلُ تَعَالَیْتَ یَا اٰخِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے سب سے اوّل موجود تو بلند تر ہے اے سب سے آخر موجود، پناہ دے ہمیں آگ

سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ظَاهِرُ تَعَالَيْتَ يَا بَاطِنُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے آشکار تو بلند تر ہے اے پوشیدہ، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا رِجَاءُ تَعَالَيْتَ يَا مُرْتَجٰى اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے اُمید گاہ تو بلند تر ہے اے اُمید کیے ہوئے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ذَا الْمَنِّ تَعَالَيْتَ يَا ذَا الطَّوْلِ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے صاحب احسان تو بلند تر ہے اے صاحب بخشش، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا حَيُّ تَعَالَيْتَ يَا قَيُّوْمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے زندہ تو بلند تر ہے اے نگہبان، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَاحِدُ تَعَالَيْتَ يَا اَحَدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے یگانہ تو بلند تر ہے اے یکتا، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا سَيِّدُ تَعَالَيْتَ يَا صَمَدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے آقا تو بلند تر ہے اے بے نیاز، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا قَدِيْرُ تَعَالَيْتَ يَا كَبِيْرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے صاحب قدرت تو بلند تر ہے اے صاحب کبر، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَالِيُ تَعَالَيْتَ يَا مُتَعَالِيُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے حاکم تو بلند تر ہے اے ذات عالی ، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا عَلِيُّ تَعَالَيْتَ يَا اَعْلٰے اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بلند تو بلند تر ہے اے سب سے بلند، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَلِيُّ تَعَالَيْتَ يَا مَوْلٰى اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے سرپرست تو بلند تر ہے اے مالک، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ذَارِئُ تَعَالَيْتَ يَا بَارِئُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے ہوا چلانے والے تو بلند تر ہے اے پیدا کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا خَافِضُ تَعَالَيْتَ يَا رَافِعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے پست کرنے والے تو بلند تر ہے اے بلند کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُقْسِطُ تَعَالَيْتَ يَا جَامِعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے پراگندہ کرنے والے تو بلند تر ہے اے اکٹھا کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُعِزُّ تَعَالَيْتَ يَا مُذِلُّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے عزت دینے والے تو بلند تر ہے اے ذلّت دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا حَافِظُ تَعَالَيْتَ يَا حَفِيْظُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے حفاظت کرنے والے تو بلند تر ہے اے نگہبان، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا قَادِرُ تَعَالَيْتَ يَا مُقْتَدِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے قدرت والے تو بلند تر ہے اے اقتدار والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا عَلِيْمُ تَعَالَيْتَ يَا حَلِيْمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے علم والے تو بلند تر ہے اے حلم والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا حَكَمُ تَعَالَيْتَ يَا حَكِيْمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے فیصلہ کرنے والے تو بلند تر ہے اے حکمت والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُعْطِيْ تَعَالَيْتَ يَا مَانِعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے عطا کرنے والے تو بلند تر ہے اے روک لینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا ضَآرُّ تَعَالَيْتَ يَا نَافِعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نقصان دینے والے تو بلند تر ہے اے نفع دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُجِيْبُ تَعَالَيْتَ يَا حَسِيْبُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے دعا قبول کرنے والے تو بلند تر ہے اے حساب کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ
سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا عَادِلُ تَعَالَيْتَ يَا فَاصِلُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے عدل کرنے والے تو بلند تر ہے اے جدا کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَطِيْفُ تَعَالَيْتَ يَا شَرِيْفُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے لطف کرنے والے تو بلند تر ہے اے بڑائی والے، پناہ دے ہمیں آگ سے
اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا رَبُّ تَعَالَيْتَ يَا حَقُّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے پالنے والے تو بلند تر ہے اے برحق، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مَاجِدُ تَعَالَيْتَ يَا وَاجِدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بزرگی والے تو بلند تر ہے اے واجد، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا عَفُوُّ تَعَالَيْتَ يَا مُنْتَقِمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے معاف کرنے والے تو بلند تر ہے اے بدلہ لینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَاسِعُ تَعَالَيْتَ يَا مُوَسِّعُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے کشادگی والے تو بلند تر ہے اے کشادگی دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا رَءُوْفُ تَعَالَيْتَ يَا عَطُوْفُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے مہربانی کرنے والے تو بلند تر ہے اے نرمی برتنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا فَرْدُ تَعَالَيْتَ يَا وِتْرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے بے مثل تو بلند تر ہے اے تنہا، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُقِيْتُ تَعَالَيْتَ يَا مُحِيْطُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نگاہ رکھنے والے تو بلند تر ہے اے احاطہ کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا وَكِيْلُ تَعَالَيْتَ يَا عَدْلُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے کارساز تو بلند تر ہے اے انصاف کرنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے

اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا مُبِيْنُ تَعَالَيْتَ يَا مَتِيْنُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے روشن تر تو بلند تر ہے اے محکم، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا بَرُّ تَعَالَيْتَ يَا وَدُوْدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نیکو کار تو بلند تر ہے اے محبت والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا رَشِيْدُ تَعَالَيْتَ يَا مُرْشِدُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے ہدایت والے تو بلند تر ہے اے ہدایت دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا نُوْرُ تَعَالَيْتَ يَا مُنَوِّرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے نور تو بلند تر ہے اے نور دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا نَصِيْرُ تَعَالَيْتَ يَا نَاصِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے مدد کرنے والے تو بلند تر ہے اے مدد گار، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا صَبُوْرُ تَعَالَيْتَ يَا صَابِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

تو پاک ہے اے برداشت کرنیوالے تو بلند تر ہے اے صبر کرنیوالے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا مُحْصِیُ تَعَالَیْتَ یَا مُنْشِیءُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے جمع کرنیوالے تو بلند تر ہے اے پیدا کرنیوالے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا سُبْحَانُ تَعَالَیْتَ یَا دَیَّانُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے پاک و پاکیزہ تو بلند تر ہے اے جزاء دینے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا مُغِیْثُ تَعَالَیْتَ یَا غِیَاثُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے فریادرس تو بلند تر ہے اے فریاد کو پہنچنے والے، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا فَاطِرُ تَعَالَیْتَ یَا حَاضِرُ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ

تو پاک ہے اے پیدا کرنیوالے تو بلند تر ہے اے موجود، پناہ دے ہمیں آگ سے اے پناہ دینے والے

سُبْحَانَكَ یَا ذَا الْعِزِّ وَالْجَمَالِ تَبَارَكْتَ یَا ذَا الْجَبَرُوْتِ وَالْجَلَالِ

تو پاک ہے اے بڑائی اور حسن والے تو بابرکت ہے اے صاحب اقتدار اور جلالت والے

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

تو پاک ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، تو پاک ہے بیشک میں ہوں خطاکاروں میں سے

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ

پس ہم نے قبول کی اس کی دعا اور نجات دی ہم نے اس کو رنج سے، اور ہم مومنوں کو اسی طرح سے نجات دیتے ہیں

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور خدا رحمت کرے ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آلؑ پاک پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اور ساری تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو عالمین کا رب ہے اور اللہ کافی ہے ہمارے لئے کارساز

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ

اور نہیں کوئی حرکت و قوت مگر وہی جو بلند و برتر خدا سے ملتی ہے۔

اللھم صل علی محمد و آل محمد